2295 ـ کیا شہر سے نکلنے سے قبل نماز قصر ہو سکتی ہے ؟

سوال

ایك شخص اپنے گھر سے سفر کے لیے نکلا اور آبادی ختم ہونے سے یا علاقے سے نکلنے سے قبل ہی نماز عصر کا وقت ہو گیا تو کیا وہ نماز قصر کرے یا پوری ادا کرے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جب مسافر اپنے شہر میں ہی ہو اور نماز کا وقت ہو جائے اور وہ اپنے شہر میں ہی نماز ادا کرے تو وہ قصر نہیں کرے گا کیونکہ ابھی وہ شہر سے نکلا نہیں، اور اگر وہ شہر سے نکل جائے اور راستے میں نماز ادا کرے تو قصر کرتے ہوئے دو رکعت ادا کرے گا، چاہے اس کے شہر میں ہوتے ہوئے اذان بھی ہو چکی ہو، یعنی معتبر تو نماز ادا کرنا ہے.

جیسا کہ اگر آپ سفر میں ہوں اور نماز کا وقت ہو جائے اور نماز ادا کرنے سے قبل آپ شہر میں پہنچ جائیں، تو آپ نماز پوری یعنی چار رکعت ادا کرینگے.

تو قاعدہ اور اصول یہ ہوا کہ: نماز کی ادائیگی کا اعتبار ہے، اگر آپ سفر میں ادا کریں تو قصر کرلیں، اور اگر حضر میں ادا کریں تو پوری پڑھیں.